# 12552 - چاليسواں منانا فرعونى عادت ہے

**سوال**

چاليسواں منانے كى اصل حقيقت كيا ہے، اور كيا مردے كے اوصاف اور محاسن بيان كرنے كے مشروعيت ميں كوئى دليل ہے ؟

**پسنديده جواب**

الحمد للہ.

اول:

اس كى اصل حقيقت يہ ہے كہ يہ فرعونى عادت ہے، اسلام سے قبل فراعنہ كے ہاں يہ معروف تھا، اور پھر ان سے دوسروں ميں عام ہوا اور پھيلا اور ان كے علاوہ دوسروں ميں بھى سرايت كر گيا، اور يہ ايك ايسى منكر بدعت ہے جس كى دين اسلام ميں كوئى اصل اور دليل نہيں ملتى.

اور اس كى ترديد نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم كا يہ فرمان بھى كرتا ہے:

" جس نے بھى ہمارے اس معاملے( يعنى دين ) ميں كوئى ايسى چيز ايجاد كى جو اس ميں سے نہيں تو وہ مردود ہے"

اس حديث كے صحيح ہونے پر اتفاق ہے.

دوم:

آج كے دور ميں موجودہ طريقہ پر ميت كے اوصاف اور محاسن بيان كرنے اور اس كے اجتماع كرنا ميت كى مدح ثنائى ميں غلو اور ناجائز ہے، اس كى دليل مسند احمد، ابن ماجۃ، كى مندرجہ ذيل حديث ہے جسے امام حاكم رحمہ اللہ تعالى نے صحيح قرار ديا ہے:

عبد اللہ بن ابى عوفى رضى اللہ تعالى عنہ بيان كرتے ہيں كہ:

" رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم نے مرثيہ خوانى سے منع فرمايا "

اور اس ليے بھى كہ ميت كے اوصاف ذكر كرنا غالب طور پر فخر ہے، اور اس سے غم كى تجديد ہوتى اور حزن زيادہ ہوتا ہے، ليكن ميت كو ذكر كرتے وقت صرف اس كى تعريف كرنا، يا اس كے جنازہ كے گزرتے وقت اس كى اچھائى

بیان کرنا، یا اس کی پہچان کے لیے اس کے جلیل القدر اور اچھے کام بیان کرنا وغیرہ یہ اس رثاء اور مرثیہ کے مشابہ ہے جو بعض صحابہ نے شہداء احد وغیرہ کے بارہ بیان کیے تھے تو یہ جائز ہے، اس کی دلیل مندرجہ ذیل حدیث ہے:

انس بن مالك رضی اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں کہ: ایك جنازہ کے پاس سے گزرے تو اس کی اچھائی بیان کی گئی تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" واجب ہو گئی"

پھر ایك اورجنازہ کے پاس سے گزرے تو لوگوں نے اس کے بارہ باتیں اچھیں نہ کیں بلکہ بری کیں، تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" واجب ہو گئی"

تو عمر بن خطاب رضی اللہ تعالی عنہ نے عرض کیا: کیا چیز واجب ہو گئی ؟

تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نےفرمایا:

" آپ لوگوں نے اس کی اچھائی بیان کی اورتعریف کی تو اس کے لیے جنت واجب ہو گئی، اور اس کے بارہ آپ لوگوں نے برائی بیان کی تواس کے لیے آگ واجب ہو گئی، تم زمین میں اللہ تعالی کے گواہ ہو"

اسے بخاری اور مسلم رحمہما اللہ نے روایت کیا ہے.